# 2024ء ڈیرہ غازی خان بورڈ

معروضی طرز

PRINCIPLES OF ECONOMICS — اصول معاشیات

PAPER CODE --- 6541

11th CLASS 1st Annual 2024 گیارہویں کلاس

OBJECTIVE PART

TIME: 20 MINUTES — وقت: 20 منٹ

TOTAL MARKS: 15 — کل نمبر: 15

**ھدایات:** ہر جز کے چار ممکنہ جوابات A,B,C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر جز کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زائد دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

**Note:** Four possible answers A, B, C and D to each question are given. The choice which you think is correct, fill that Bubble in fron of that question with marker or pen ink. Cutting or filling two or more bubbles will result in zero marks in that questino.

## QUESTION NO. 1 — سوال 1

1- The founder of neo-classical school of thought is: نوکلاسیکی مکتب فکر کا بانی تھا۔

(A) Adam Smith ایڈم سمتھ (B) Marshall مارشل (C) Keynes کینز (D) Pigou پیگو

2- Utility of the last unit of a commodity consumed is called: کسی چیز کی استعمال کی جانے والی آخری اکائی کا افادہ کہلاتا ہے:

(A) Total utility کل افادہ (B) Negative utility منفی افادہ

(C) Positive utility مثبت افادہ (D) Marginal utility مختتم افادہ

3- Functional relationship between price and quantity demand is: قیمت اور مقدار طلب میں تعلق پایا جاتا ہے:

(A) Direct براہ راست (B) Inverse معکوس (C) Increasing تکثیری (D) Positive مثبت

4- The quantity of a commodity existing in the ware-house is called: گودام میں موجود شے کی مقدار کہلاتی ہے:

(A) Supply رسد (B) Stock ذخیرہ (C) Demand طلب (D) Utility افادہ

5- The easy application of law of decreasing return is on: قانون تقلیل حاصل کا جلد اطلاق ہوتا ہے:

(A) Industry صنعت پر (B) Trade تجارت پر

(C) Housing تعمیرات پر (D) Agriculture زراعت پر

6- The change in total cost for the production of every new unit is: ہر نئی اکائی پیدا کرنے سے کل مصارف میں تبدیلی کو کہتے ہیں:

(A) Total cost کل مصارف (B) Average cost اوسط مصارف

(C) Variable cost متغیر مصارف (D) Marginal cost مختتم مصارف

7- A monopolist controls the supply of: اجارہ دار کو رسد پر کنٹرول ہوتا ہے:

(A) Partially جزوی (B) Totally مکمل (C) More زیادہ (D) Absolutely nill بالکل نہیں

8- A firm is at equilibrium when: فرم اس وقت توازن میں ہوتی ہے جب:

(A) TR = MR کل وصولی = مختتم وصولی (B) MR = P مختتم وصولی = قیمت

(C) P = MC قیمت = مختتم مصارف (D) MR = MC مختتم وصولی = مختتم مصارف

9- Transfer payments are: انتقالی ادائیگیاں ہیں:

(A) Wages اُجرتیں (B) Salaries تنخواہیں

(C) Prices قیمتیں (D) Unemployment allowance بیروزگاری الاؤنس

-10 قومی آمدنی کا تصور پیش کیا: The concept of National income was presented by:
(A) مارشل Marshall (B) کینز Keynes (C) پیگو Pigou (D) ایڈم سمتھ Adam Smith

-11 قدر زر اور مقدار زر کا تعلق ہے: The relationship between the value of money and quantity of money is:
(A) براہ راست Direct (B) معکوس Inverse (C) متوازی Parallel (D) تکثیری Increasing

-12 افراط زر میں زیادہ مفید ہوتا ہے: It is more useful in inflation:
(A) فاضل بجٹ Surplus budget (B) خسارے کا بجٹ Deficit budget
(C) متوازی بجٹ Balance budget (D) گھریلو بجٹ Domestic budget

-13 تجارتی چکر کے ادوار ہوتے ہیں: The phases of trade cycle are:
(A) 1 (B) 3 (C) 4 (D) 2

-14 توازن ادائیگی میں شامل ہوتی ہے: Balance of payments includes:
(A) مرئی اور غیر مرئی اشیاء Visible and Invisible goods (B) مرئی اشیاء Visible goods
(C) خدمات Services (D) غیر مرئی اشیاء Invisible goods

-15 حکومت کی آمدنی اور اخراجات سے متعلق علم معاشیات کی شاخ کو کہتے ہیں:
A branch of economics which deals with income and expenditure of a government is called:
(A) نجی مالیات Private Finance (B) مستقل مالیات Permanent Finance
(C) عوامی مالیات People's Finance (D) سرکاری مالیات Public Finance

جوابات:

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| -1 B | -2 A | -3 B | -4 B | -5 D | -6 C | -7 B | -8 D |
| -9 D | -10 A | -11 B | -12 B | -13 C | -14 A | -15 D | |

## انشائی طرز

| | | |
|---|---|---|
| اصول معاشیات | گیارہویں کلاس 11th CLASS 1st Annual 2024 | PRINCIPLES OF ECONOMICS |
| وقت: 2 گھنٹے 10 منٹ | SUBJECTIVE PART | TIME 2:10 HOURS |
| کل نمبر: 60 | PART - I حصہ اوّل | TOTAL MARKS: 60 |

سوال 2: کوئی سے چھ اجزاء کے مختصر جوابات لکھیے۔

$2 \times 6 = 12$

**Q.No.2 Write short answers to any Six of the following.**

(i) مارشل کی تعریف میں معاشرتی فلاح سے کیا مراد ہے؟
**What is meant by social welfare in Marshall's definition?**

جواب: مارشل کے مطابق معاشرتی فلاح سے مراد ہے کہ خوش حال زندگی کے مادی لوازمات ہیں جن کو کس طرح حاصل کیے جاتے ہیں اور انھیں کیسے استعمال کیا جاتا ہے۔

According to Marshall social welfare means the requisites of well being how they are attained and how they are used.

(ii) قانون مساوی افادہ مختتم کے مطابق صارف کیسے توازن حاصل کرتا ہے؟
**How does consumer attain equilibrium in law of equal-marginal utility?**

جواب: قانون مساوی افادہ مختتم کے مطابق صارف اپنی رقم کو مختلف اشیا کی خریداری پر اس طرح تقسیم کرے کہ خریدی جانے والی اشیا کا افادہ مختتم باہم برابر ہو جائے۔

According to the law of equi-marginal utility the consumer distribute his money on the purchase of different goods in such a way that marginal utility of purchased goods become equal.

(iii) طلب کے پھیلنے اور بڑھنے میں کیا فرق ہے؟
**What is difference between demand's extension and rise?**

جواب: جب کسی شے کی قیمت کم ہو جاتی ہے تو اس کی طلب بڑھ جاتی ہے۔ اسے طلب کا پھیلنا کہا جاتا ہے۔ جبکہ اگر قیمت میں تبدیلی آئے بغیر کسی اور وجہ سے شے کی طلب میں اضافہ ہو جائے تو اسے طلب کا بڑھنا کہا جاتا ہے۔

When the price of commodity decreases, its demand increases, it is called extension of demand whereas if the demand for a commodity increases without any change in price it is called rise in demand.

(iv) صفر افادہ سے کیا مراد ہے؟
**What is meant by Zero utility?**

جواب: کسی شے میں انسانی خواہش کو پورا کرنے کی خوبی، وصف یا قوت کو افادہ کہتے ہیں۔ مثلاً پانی میں پیاس بجھانے کی خوبی، روٹی میں بھوک مٹانے کی خوبی، بلب میں روشنی اور قلم میں لکھنے کی خوبی وغیرہ۔

The quality attribute or power of fulfilling human desire in an object is called utility. For example, water quenches thirst, bread quenches hunger, light in bulb and writing quality in pen etc.

(v) مشترک رسد سے کیا مراد ہے؟

**What is meant by joint supply?**

جواب: ایسی اشیاء جو اکٹھی پیدا ہوتی ہیں ان کی رسد مشترک رسد کہلاتی ہے مثلاً گندم اور بھوسہ وغیرہ۔

The supply of such commodities which are produced together is called joint supply. For example, wheat and straw etc.

(vi) نقطی اور قوسی لچک میں فرق بیان کیجیے۔

**Differentiate between point and Arc elasticity.**

جواب: اگر قیمت میں انتہائی معمولی تبدیلی ہو اور اس کی وجہ سے طلب میں بھی انتہائی معمولی تبدیلی واقع ہو تو طلب کی اس قسم کی تبدیلی کو نقطی لچک کہتے ہیں جبکہ اگر قیمت میں نمایاں تبدیلی ہو اور اس کی وجہ سے طلب میں بھی نمایاں تبدیلی واقع ہو تو طلب کی اس قسم کی تبدیلی کو قوسی لچک کہتے ہیں۔

If there is very small change in demand as a result a very small change in price this type of change in demand is called point elasticity of demand whereas if there is a significant change in prise and due to it the change in demand is also significant then this type of change in demand is called arc elasticity of demand.

(vii) علم الہدایت سے کیا مراد ہے؟

**What is meant by normative science?**

جواب: اس سے مراد وہ علم ہے جس میں حالات و واقعات کو ایک خاص زاویہ نگاہ سے پرکھا جائے اور یہ فیصلہ کیا جائے کہ انھیں یوں ہونا چاہیے مثلاً غربت کی بجائے خوش حالی ہونی چاہیے، ملک کے ہر فرد کو روٹی، کپڑا اور مکان ملنا چاہیے، آمریت کی بجائے جمہوریت ہونی چاہیے۔

It refers to the science in which situation and events are examined from a particular perspective and it is decided that they should be like this, for example. There should be happiness instead of poverty, every individual living in the country should be provided with bread, clothing and accommodations instead of imperialism, there should be democracy in the society.

(viii) قانون تقلیل افادہ مختتم سے کیا مراد ہے؟

**Define the law of Diminishing Marginal Utility.**

جواب: کسی شخص کے پاس ایک شے کی مقدار میں اضافہ ہونے سے اس کو جو مزید افادہ حاصل ہوتا ہے وہ شے کی ہر زائد اکائی کے ساتھ گھٹتا جاتا ہے جبکہ باقی امور جوں کے توں رہیں اسے قانون تقلیل افادہ مختتم کہتے ہیں۔

The incremental utility a person receives from an increase in the amount of a goods he possesses decrease with each excess of the goods, while as the rest of the issues remain same. It is called the law of Diminishing Marginal Utility.

(ix) قانون رسد کے چار مفروضات تحریر کیجیے۔

**Write down four assumptions of law of supply.**

جواب: قانون رسد کے چار مفروضات درج ذیل ہیں:

Four assumption of law of supply are following:

1- دوسری اشیاء کی قیمتیں تبدیل نہ ہوں۔ 2- مصارف پیدائش تبدیل نہ ہوں۔ 3- پیداوار میں رکاوٹ نہ ہو۔ 4- طریقہ پیدائش تبدیل نہ ہو۔

1. Prices of other items should not change
2. Cost of production should not change
3. There should be no interruption in production
4. Method of production should not change

سوال 3: کوئی سے چھے اجزاء کے مختصر جوابات لکھیے۔

**$2 \times 6 = 12$**

## Q.No.3 Write short answers to any Six of the following.

(i) متبادل مصارف کے تصور کی وضاحت کیجیے۔

**Explain the concept of opportunity costs.**

جواب: متبادل مصارف سے مراد وہ رقم ہے جو کسی عامل پیدائش کو متبادل استعمال سے ہٹا کر کسی مخصوص استعمال کی طرف راغب کرنے کے لیے ادا کرنی ضروری ہو۔

Opportunity costs refer to the amount paid to divert a factor from an exchange use to a specific use necessarily.

(ii) محنت سے کیا مراد ہے؟

**What is meant by labour?**

جواب: محنت دوسرا عامل پیدائش ہے۔ محنت سے مراد انسان کی ذہنی یا جسمانی کاوش ہے جو کسی معاوضے کی خاطر کی گئی ہو۔ استاد کا پڑھانا ذہنی محنت ہے جب کہ کسان کا ہل چلانا جسمانی محنت کہلاتا ہے۔

Labour is the second factor of production. Labour refers to the mental or physical effort of a human being which is done for a reward. The teacher's teaching is mental labour whereas the ploughing of the farmer is called physical labour.

(iii) مختتم حاصل کے تصور کی وضاحت کیجیے۔

**Explain the concept of marginal return.**

جواب: مختتم وصولی سے مراد وہ رقم ہے جو کسی فرم کو اپنی پیداوار کی ایک زائد اکائی فروخت کرنے سے حاصل ہوتی ہے یا پیداوار کی ایک مزید اکائی فروخت کرنے سے کل وصولی میں جس قدر اضافہ ہوتا ہے مختتم وصولی کہلاتی ہے۔

Marginal revenue refers to the amount that firm earns from selling an excess unit of its production or the amount by which total is increased by selling an additional unit of production are called marginal return.

CamScanner

(iv) متغیر مصارف سے کیا مراد ہے؟ **What is meant by variable costs?**

جواب: ایسے مصارف جو پیداوار کی مقدار کے ساتھ منسلک ہوتے ہیں اور پیداوار کے بڑھنے کے ساتھ بڑھ جاتے ہیں اور پیداوار کے گھٹنے کے ساتھ کم ہو جاتے ہیں متغیرہ مصارف کہلاتے ہیں۔ اگر فرم کا کاروبار عارضی طور پر بند پڑا ہو یعنی اس کی پیداوار کی مقدار صفر ہو تو ایسے مصارف بھی صفر ہوتے ہیں مثلاً عارضی مزدوروں کی اجرت، خام مال کی قیمت، بجلی کا بل وغیرہ۔

Such factors which are related to the amount of production and increase with the increase of production and decreases with the decrease of production are called variable cost. If the business of the firm has stopped temporarily i.e its production is zero then such factors are also zero. For example, wages of temporary workers, cost of raw materials, electricity bills etc.

(v) قانون تکثیر مصارف سے کیا مراد ہے؟ **What is meant by law of increasing costs?**

جواب: جب پیداوار کا عمل قانون تقلیل حاصل کے تحت ہوتا ہے یعنی مختتم پیداوار گرتی جاتی ہے تو مختتم مصارف فی اکائی بڑھتے جاتے ہیں۔ اس لیے قانون تقلیل حاصل کو قانون تکثیر مصارف بھی کہتے ہیں۔

When the production process is under the law of diminishing returns, i.e. the marginal product decreases, then the marginal cost per unit increase. That is why the law of diminishing returns is also called law of increasing cost.

(vi) مکمل مقابلہ کے تحت فرم کے توازن سے کیا مراد ہے؟ **What is meant by firm's equilibrium under perfect composition?**

جواب: جب صنعت میں موجود تمام فرم معمولی منافع کما رہی ہوں تو اسے صنعت کا توازن کہتے ہیں۔

When all the firms in the industry are earning normal profit, it is called industry equilibrium.

(vii) معمولی نقصان کے تصور کی وضاحت کیجیے۔ **Explain the concept of Normal Loss.**

جواب: فرم اپنے متغیرہ مصارف پورے کر رہی ہوتی ہے اور کچھ حصہ معینہ مصارف کا بھی پورا کر رہی ہوتی ہے جب معینہ مصارف کا کچھ حصہ نقصان کی صورت میں برداشت کرتی ہے تو اس نقصان کو معمولی نقصان کہتے ہیں۔

A firm is meeting its variable cost and partially meeting fixed cost when portion of fixed cost incurred as a loss of it bears then this loss is called normal loss.

(viii) آجر کے چار فرائض لکھیے۔ **Write four functions of entrepreneur.**

جواب: 1- کاروبار کا انتظام کرنا 2- کاروبار کا خاکہ تیار کرنا 3- دیگر عوامل کے معاوضے ادا کرنا 4- عوامل پیدائش کا اشتراک

1. Managing the business
2. Developing a business outline
3. Paying compensation to other factors
4. Factors joint production

(ix) محنت کی عمودی حرکت پذیری سے کیا مراد ہے؟ **What is meant by vertical mobility of Labour?**

جواب: محنت کی عمودی حرکت پذیری سے مراد کسی مزدور کا ترقی کی وجہ سے یا کسی اور وجہ سے کم درجے والی ملازمت سے زیادہ درجے والی ملازمت پر منتقل ہونا محنت کی عمودی حرکت پذیری کہلاتی ہے۔

Vertical mobility of labour refers to the movement of a worker from a lower-level job to a higher-level job due to promotion or for any other reason is called vertical mobility of labour.

سوال 4: کوئی سے چھے اجزاء کے مختصر جوابات لکھیے۔ $2 \times 6 = 12$

## Q.No.4 Write short answers to any Six of the following.

(i) قومی آمدنی کا مفہوم بیان کیجیے۔ **Explain the concept of National Income.**

جواب: پروفیسر مارشل کے مطابق کسی ملک کے افراد اپنے سرمائے کی مدد سے وہاں کے قدرتی وسائل کو استعمال میں لا کر ہر سال اشیاء و خدمات کی خاص مقدار پیدا کرتے ہیں یہی اس ملک کی قومی آمدنی ہے۔

According to professor Marshall, the people of a country use their natural resources to produce goods and services every year, this is the national income of that country.

(ii) قومی آمدنی کی پیمائش کے طریقے لکھیے۔ **Write methods to measure national income.**

جواب: 1- آمدنی کا طریقہ 2- پیداوار کا طریقہ 3- خرچ کا طریقہ

1. Income Method 2. Method of Production 3. Expenditure Method

(iii) پروفیسر فشر کی مساوات مبادلہ لکھیے۔ **Write Fisher's equation of exchange.**

جواب:


$$P = \frac{MV + M'V'}{T}$$

Write four effects of deflation.     تفریطِ زر کے چار اثرات بیان کیجیے۔ (iv)

جواب: 1- روپے کی قدر میں کمی   2- اشیا وخدمات کی قیمتوں میں کمی   3- آمدنی میں کمی   4- بے روزگاری میں اضافہ

1. The devaltion of money
2. Decrease in prices of goods and services
3. Decrease in income
4. Increase in unemployment

Make a diagram of the phases of trade cycle.     تجارتی چکر کے ادوار کا ڈائیگرام بنائیے۔ (v)




Write four assumptions of comparative cost theory.     نظریہ تقابلی مصارف کے چار مفروضات لکھیے۔ (vi)

جواب: 1- دونوں ممالک میں کامل روزگار موجود ہے۔   2- ہر ملک کی کرنسی اپنی ہے لیکن ان میں آزادانہ تبادلہ ہوتا ہے۔

3- تجارت آزاد ہوتی ہے اور اس پر کسی قسم کی کوئی پابندی عائد نہیں ہوتی۔ 4- اشیا کی درآمد برآمد کے وقت ان پر نقل و حمل کے اخراجات نہیں اٹھتے۔

1. There is perfect employment in both countries.
2. Every country has its own currency but there is freely exchange between them.
3. Trade is free and there is no restriction imposed on it.
4. Transportation costs are not incursed on the goods at the time of import and export.

Write four causes of deficit balance of payments.     توازنِ ادائیگی میں خرابی کے چار اسباب لکھیے۔ (vii)

جواب: 1- برآمدات میں اضافہ   2- درآمدات میں کمی   3- کرنسی کی بیرونی قدر میں کمی   4- آبادی میں قابو

1. Increase in exports
2. Decrease in imports
3. Devaluation of currency
4. Control on population

What is meant by Tax?     ٹیکس سے کیا مراد ہے؟ (viii)

جواب: ٹیکس ایک ایسی لازمی ادائیگی ہے جو حکومت کو ان خدمات کے عوض کی جاتی ہے جو وہ عام لوگوں کے فوائد کے لیے بہم پہنچاتی ہے۔

A tax is a compulsory payment made to the government for the services it provides for the benefit of the common people.

Write four points of economical importance of Zakat.     زکوٰۃ کی معاشی اہمیت کے چار نکات لکھیے۔ (ix)

جواب: 1- ارتکازِ دولت کا خاتمہ ہوجاتا ہے۔   2- دولت کی تقسیم منصفانہ ہوتی ہے۔

3- غربت کا خاتمہ ہوجاتا ہے۔   4- بے روزگاری کا خاتمہ ہوتا ہے۔

1. Concentration of wealth would have ended.
2. Distribution of wealth is fair.
3. Poverty ends.
4. Unemployment ends.

## (Part - II حصہ دوم)

نوٹ: اس حصہ میں سے کوئی سے تین سوالات کے جوابات تحریر کیجیے۔     3 × 8 = 24

NOTE: Attempt any Three questions from this part

**سوال 5:** کیا معاشیات علم ہے یا فن؟ دلائل سے وضاحت کیجیے۔

Is Economics a Science or Art? Explain it with arguments.

**سوال 6:** قانونِ تکثیر حاصل کی وضاحت گوشوارے اور ڈائیگرام سے کیجیے۔ نیز اس کا اطلاق کس شعبہ پر ہوتا ہے؟

Explain the law of increasing returns with schedule and diagram. Also discuss its application.

**سوال 7:** اجارہ داری کے تحت عرصہ قلیل میں فرم کے توازن کی وضاحت کیجیے۔

Explain the firm's equilibrium under monopoly in short run.

**سوال 8:** نظریہ مقدارِ زر کی وضاحت ایک مثال کی مدد سے کیجیے۔

Explain the Quantity Theory of money with the help of an example.

**سوال 9:** بین الاقوامی تجارت کے نظریہ تقابلی مصارف کی وضاحت کیجیے۔

Explain the international trade theory of comparative cost.

CamScanner